اور جیمز وہاں سے باہر نکلا۔۔۔۔ جبکہ اسکے پیچھے اسکے گارڈ بھی تھے۔۔۔

اسکی ایک ترچھی نگاہ ہیزل پر گئی جو کہ۔۔۔ ہوٹل کے باہر دروازے کے ایک طرف بیٹھی تھی

۔۔۔

ہاتھ پاؤں بندھے سیمٹی ہوئی۔

WhatsApp : 0344-4499420

جیمزر کا نہیں اپنی گاڑی کی جانب بڑھ گیا گارڈز نے دروازہ کھولا وہ اندر بیٹھ گیا۔۔۔

جیمز نے پھر اسپر نظر نہیں اٹھائی

ہیزل اٹھی اور جانے لگی

جیمز کی گاڑی ابھی نہیں چلی تھی

ہیزل تھوڑا آگے نکل گئی۔۔۔

جیمز نے اسکے پاس اپنی گاڑی رکوائی

میر رینچے کیا

ہیزل جیسے گھبرا گئی۔۔۔۔

اسکی جانب دھڑکتے دل سے دیکھنے لگی۔۔۔

اچانک وہ کیسے نمودار ہو گیا تھا۔۔۔

گاڑی میں بیٹھو" وہ سپاٹ لہجے میں بولا

ن۔۔۔ نہیں" ہیزل نے کہا اور گزرنے لگی۔۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

جیمز تو آگے کچھ نہیں بولا البتہ اسکا گارڈ باہر نکلا اور اسکے راستے میں حائل ہو گیا

گھور کر ہیزل کو دیکھا اور اسپر گن تان لی

ہیزل کی چیخ نکلی یہ کیسا دن نکلا تھا اسکی جان پر بنا گیا تھا

ہیزل نے قدم پیچھے پیچھے لیے اور۔۔۔ جیمز نے دروازہ کھول دیا وہ جلدی سے گن سے ڈرتی گاڑی میں بیٹھ گئی یہ دیکھے بنا کہ وہ عین جیمز کے سامنے بیٹھی تھی

اتنا پاس کے ہیزل کے کپکپاتے گھٹنے جیمز سے ٹکرا رہے تھے اور سر جھکا تھا۔۔۔۔

گاڑی سٹارٹ ہو گئی

ہیزل کے آنسو بہتے رہے جیمز کچھ نہیں بولا۔۔۔

ہیزل کو اب خود پر غصہ آنے لگا۔۔۔

اسنے آنسو صاف کیے اور سر اٹھایا جیمز سے نگاہ جا ملی

WhatsApp : 0344-4499420

حالت ایسی تھی کہ ابھی چیخیں مار کر رو دے گی مگر خود پر کنٹرول کیے بیٹھی رہی پھر اسے اپنے گھٹنے کا احساس ہوا جو جیمز سے ٹچ ہو رہا تھا وہ اچانک اس سے دور ہوئی۔۔۔۔

اب سے ٹھیک دس منٹ بعد یہ گاڑی رکے گی۔۔۔اور تمھیں اتار دیا جائے گا ان دس منٹ میں تم نے سوچنا ہے کہ تم نے۔۔۔ساری زندگی اسی طرح رونا ہے یہ تمھیں وہ افر قبول ہے وہ۔۔ شاید تمھاری زندگی بدل دے۔۔۔

بٹ یو ہیو اونلی ٹن منٹس۔۔۔اسکے بعد دوبارہ تمھارا دماغ بن بھی گیا تو۔۔۔کوئی فائدہ نہیں ہو گا اور نیو رک میں تمھیں نوکری جیمز روبو کے علاوہ کوئی نہیں دے گا" وہ بولا۔۔۔۔

اور پیچھے ہو کر بیٹھ گیا

اسنے سیگریٹ سلگائی اور لائیٹر سے آتش فشاں دے کر سکوں سے بیٹھ گیا ہیزل کی حیران آنکھوں میں دیکھنا بھی کافی دلچسپ تھا

آپ آپ نے مجھے ہر جگہ سے نکلوایا ہے" وہ بے یقینی سے بول رہی تھی۔۔۔۔۔

جیمز کچھ نہیں بولا ایسے ہی اسے دیکھتا رہا۔۔۔

ہیزل نے اپنا چہرہ چھپا لیا

WhatsApp : 0344-4499420

کیوں کر رہے ہیں آپ میرے ساتھ ایسا" وہ بولی۔۔۔ آواز قدرے اونچی ہو گئ

ہیلو میم آواز نیچی رکھیں ورنہ میری گن ضرور آپکا سر اڑا دے گی" یہ کارٹر تھا۔۔۔

ہیزل ایکدم سہم کر۔۔ جیمز کو دیکھنے لگی اسکا دل۔۔۔ کانوں میں دھڑکنے لگا۔۔۔

کارٹر "جیمز بس اتنا ہی بولا اور کارٹر نے ہیزل کے پاس سے گن پیچھے کر کے۔۔۔ چھوٹی سی کھڑکی بند کر دی۔۔۔

ہیزل نے پھٹی پھٹی نظروں سے پیچھے دیکھا۔۔۔

اب اسکے کان کے پاس گن نہیں تھی

تمھارے پاس چار منٹ رہ گئے ہیں" جیمز بولا اور ناک کے نتھنوں سے دھواں آزاد کیا۔۔۔۔۔

یہ بے حد حسین منظر تھا وہ مرد بے حد بھرپور اور خوبصورت تھا۔۔۔

اور پھر اسکا انداز۔۔۔ ہیزل نے نظریں ہٹا لیں سر جھکا لیا۔۔۔۔۔

چپ چاپ بیٹھی رہی۔۔۔۔

دو منٹ "جیمز کی آواز پھر سے آئی۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

ہیزل نے اگلے دو منٹ کے لیے اسکی آفر کو سوچا۔۔۔

جب اسکو کوئی جاب نہیں دے گا تو وہ کیا کرے گی۔۔۔۔

یہ لوگ مافیا تھے اور جیمز نے اسے ہر جگہ سے نکلوایا تھا تو۔۔ کوئی اسے نہ رکھتا اسطرح تو اسے

بھوک کے لالے پڑ جاتے یونیورسٹی تو بے حد دور کی بات تھی

وہ دو منٹ جو اسکے پاس تھے گزر گئے

گاڑی رک گئی

ہیزل کی سوچ البتہ ختم نہیں ہوئی

اسنے کچھ دیر بعد جیمز کی جانب دیکھا

حلق میں تھوک نگلا۔۔۔

م۔۔۔میں میں کل بتا دو پلیز "نم نم آنکھوں سے اسنے التجا کی۔۔۔۔

جیمز۔۔۔نے گاڑی کا شیشہ کھول کر سیگریٹ باہر پھینک دی

ہمم "وہ بس اتنا ہی بولا۔۔۔اور گاڑی ان لوک کر دی

WhatsApp : 0344-4499420

ہیزل نے کلک کی آواز سنی اور جلدی سے گاڑی سے باہر نکل گئ

جیمز نے ایک منٹ کے لیے اسکی جانب دیکھا

سیل فون دو اپنا" اسنے کہا

ہیزل کیوں بھی نہ پوچھ سکی کہ شاید جیکوب کے سامنے سوال کرنے کی ہمت پھر بھی پڑ جاتی تھی

مگر جیمز کے سامنے نہیں

وہ اپنے بیگ سے سیل فون نکال کر اسکو دے گئ

وہ باہر کھڑی دیکھ رہی تھی۔۔اسکا سیل فون جیمز نے کھولا

اپنا نمبر فیڈ کیا۔

لکھ دیا۔۔ J اور

اسنے سیل فون باہر اوچھال دیا اگر ہیزل فورا کیچ نہ کرتی موبائل ضرور ٹوٹ جاتا۔۔۔

جیمز نے گاڑی آگے بڑھالی۔۔۔۔

ہیزل البتہ وہ نمبر دیکھتی رہی

WhatsApp : 0344-4499420

گھر پہنچی تو۔۔۔اسنے یونیورسٹی کی لاسٹ ڈیٹ دیکھی جو سامنے دیوار پر لگے کیلنڈر پر اسنے منشن کی تھی

پھر اسنے اپنی سیونگز چیک کی۔

جو بس چند پیسوں کے سوا کچھ نہیں تھی وہ ان پیسوں کو مٹھیوں میں بھرے رونے لگی۔۔۔

اور مسلسل روتی رہی۔۔۔

اس دوران اسکا سیل فون کئی بار بلنک ہوا مگر وہ اس ہوش میں نہیں تھی کہ دیکھ سکے۔۔۔

نہ کوئی دوست نہ کوئی اپنا۔۔۔۔

ہاں اگر پرل اسے دوبارہ مل جاتی تو وہ اسکی گود میں سر رکھ کر ضرور بہت سارا روتی

ساری رات وہ اپنے بابا کو یاد کرتی رہی۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

اور پھر اسنے سہمے ہوئے دل سے فیصلہ کر لیا۔۔۔

یہ مشکل تھا بہت۔۔۔

مگر اسکے علاوہ کوئی راستہ نہیں تھا۔۔۔۔۔

پوری رات یوں ہی گزر گئی

صبح کا سورج نکلا۔۔۔اور ہیزل نے کانپتے ہاتھوں اور دھڑکتی دھڑکنوں کو سنبھالتے ہوئے اپنے

سیل فون میں فیڈ نمبر پر کال لگائی

اسکے ہاتھ پاؤں کانپ رہے تھے۔۔۔

دوسری طرف سے ایک بیل پر نہیں اٹھائی اسنے کچھ سوچتے دوبارہ کال کی۔۔۔

اور کال پیک ہو گئی

اسکا دل کیا دوبارہ سیل بند کر دے مگر اب ایسا شاید ممکن نہیں تھا :

اسکی بھاری سانسوں کی آواز ہیزل کو سنائی دے رہی تھی

۔

WhatsApp : 0344-4499420

م۔۔۔میں میں ریڈی ہوں اس اس جاب کے لیے "وہ بولی لہجہ نم ہو گیا

آفرون اور ٹو "بس اتنا ہی پوچھا گیا۔۔۔۔

ہیزل کو دونوں آفر زیاد آئیں آفرون میں وہ۔۔۔اسکی باندی کی طرح اسکے ساتھ رہتی۔۔جبکہ آفر ٹو میں۔۔کم از کم شادی تو ہو رہی تھی

آفرٹ۔۔۔۔ٹو "وہ بولی۔۔۔

اور دوسری طرف سے کال بند ہو گئ

اسنے کال بند کیوں کی۔۔کیا مطلب تھا اسکا۔۔وہ نئے سرے سے پریشان ہونے لگی۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جیمز نے سیل فون کان پر سے ہٹایا۔۔اس وقت وہ تکیوں کو بانہوں میں بھرے اپنے وائٹ بیڈ پر الٹا لیٹا تھا۔۔۔۔سیل فون کان پر سے ہٹا کر اسنے بند آنکھیں کھولیں۔۔۔۔

کچھ دیر سامنے دیکھتا رہا۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

اور پھر اسکے لبوں پر معنی خیز مسکراہٹ نے جگہ لے لی

اسنے اپنا سیل فون رکھا اور دوسرا سیل فون اٹھایا جس سے وہ سٹاف سے بات کرتا تھا

اسنے اپنی سیکٹری کو۔۔۔ضروری ہدایات دیں۔۔اور سیل بند کر کے وہ۔۔۔دوبارہ سے سونے

کے لیے آنکھیں بند کر گیا

البتہ ایک جھلملاتا عکس اسکی آنکھوں میں اسمایا۔۔جس کی انکھوں میں خوف تھا۔۔۔اسنے

اچانک ہاتھ بڑھا کر اس عکس کی گردن جکڑ لی

وہ جانتا تھا وہ عکس بس اسکے ہاتھ کے لمس سے۔۔۔پاگل ہو جائے گا۔۔۔

اور ہوا بھی ایسے وہ عکس فورا ہوا میں تحلیل ہو گیا

" بیڈ رومینس

وہ بڑبڑایا

WhatsApp : 0344-4499420

وہ آج گھر پر ہی تھی جانتی تھی کہ ایک دن رہ گیا تھا یونیورسٹی میں اڈمیشن کا۔۔۔اور دوسرا اسکے پاس اب کوئی جاب نہیں تھی

وہ بیٹھی تھی آج سردی ضرورت سے زیادہ تھی۔۔ تبھی اسنے۔۔۔۔کافی کچھ پہنا ہوا تھا اور اسے سردی بھی بہت لگتی تھی۔۔۔۔

دو تین جرسیاں اسنے پہنی ہوئی تھیں اچانک دروازہ بجا وہ۔۔ڈر گئی کافی کپ سے چھلک آئی اور اسنے منہ بنایا۔۔اسکی جرسی پر کافی گیر گئی تھی۔۔۔

اسنے دروازہ کھولا۔۔۔تو ایکدم گھبرا کر پیچھے ہٹی

اتنا تو اندازا ہو گیا یہ جیمز کے گارڈز ہیں کیونکہ وہ سب ہی اسے بری طرح گھورتے تھے جیسے وہ انکے مالک پر قابض ہو گئی ہو اور اب تو وہ اسے ایسے دیکھ رہے تھے جیسے ثابت نگل جائیں گے۔۔

ہیزل کا سر جھکتا چلا گیا۔۔۔اسکی ہمت نہیں ہوئی سر اٹھا کر ان سب کو دیکھنے کی پوچھنے کی۔۔۔کہ وہ کیوں آئے ہیں اچانک اسکے سیل فون کی گھنٹی بجی۔۔۔

وہ زور سے چیخ پڑی۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

لکھا دیکھ J اور ایکدم منہ پر ہاتھ۔رکھ لیا۔۔۔جلدی سے اپنے فون تک پہنچی۔۔۔اسنے نمبر پر لیا تھا۔۔

اسنے کال اٹینڈ کی۔۔۔

جیمز"وہ بے ساختہ بول اٹھی۔۔۔۔

دوسری طرف سے کوئی جواب نہیں ملا۔۔۔

جبکہ ہیزل اپنی پریشانی میں۔۔۔تھی وہ سب گارڈز ایکدم۔۔۔اسپر گن تان گئے۔۔ہیزل کا دم خشک ہو گیا کون سی خطا ہوئی تھی اس سے جو وہ اسکے ساتھ ایسا کر رہے تھے۔۔۔۔

یہ۔۔۔یہ سب مجھے مارنا چاہتے ہیں"وہ سسکی۔۔۔

جیمز کو اندازا ہو گیا اسکے ساتھ وہاں کیا معملہ ہو رہا ہو گا۔۔۔

سر کا نام کیوں لے رہیں ہیں آپ"وہ سب ایک کوس میں بولے تو۔۔ہیزل شرمندہ ہو گئ

اب اب نہیں لوں گی۔۔۔یہ گن نیچے کریں پلیز"وہ التجائی انداز میں بولی۔۔۔

جیمز نے کال بند کر دی

WhatsApp : 0344-4499420

ہیزل اس بے مروتی پر۔۔۔ہلکان سی ہونے لگی پھٹی پھٹی آنکھوں سے ان سب کو دیکھنے لگی۔۔۔

اور تبھی جیمز کی پرسنل سیکرٹری اسکے گھر میں داخل ہوی

سوری میم مجھے لیٹ ہو گیا۔۔۔اسنے معزرت کی۔۔ہیزل اسکو دیکھ کر مزید رونے لگی

جبکہ جیمز کی سیکٹری۔۔۔آگے بڑھی وہ اسے گلے لگانا نہیں چاہتی تھی مگر ہیزل اتنی خوف زدہ تھی خود ہی لگ گئ

پلیز ان سے کہیں یہ سب جائیں۔۔۔"وہ روتے ہوئے بولی تو۔۔۔

سیکٹری۔۔۔اپنی خیریت منانے لگی کیونکہ جیمز وڈیو کال پر تھا اور سیل فون کارٹر سر کے ہاتھ میں تھا

جیمز کے آرڈر پر وہ سب وہاں سے نکل گئے

۔تو ہیزل نے سکون بھرا سانس لیا

میم آپ مجھے بھی پھنسوانا چاہتی ہیں "سیکٹری زرا افسوس سے بولی

۔۔مجھے گن سے ڈر لگتا ہے بچپن سے۔۔اور یہ سب گارڈز۔۔۔بہت لمبے ہیں "وہ اپنی پریشانی کی وجہ بتانے لگی تو سیکٹری کی بے ساختہ ہنسی نکل گئ۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

" چلیں یہ بھی اچھا ہے جیمز سر۔۔۔کی ہائیٹ تو چلو۔نارمل۔ہے

ن۔۔ نہیں وہ بھی کتنے لمبے ہیں"ہیزل کو اسکی بھی ہائیٹ سے اختلاف تھا۔۔

اوکے چلیں اب یہ کچھ پیپرز ہیں انپر سائین کر دیں"اس لڑکی نے ہیزل کے آگے چند کاغزات کیے۔۔

ہیزل نے گال پر ٹھرے آنسو صاف کیے اور ان کاغزات کو دیکھا کہ ان میں کیا درج ہے۔۔۔۔

وہ لیگل پیپر تھے ایک اگریمنٹ کے

جس میں کچھ چیزیں درج تھیں وہ اس سے پہلے پڑھتی کہ اس لڑکی نے خود پڑھ کر سنانا شروع کر دیا

میم یہ سر کی طرف سے۔۔ہے لیگل اگریمینٹ۔۔۔

اس میں لکھا ہے کہ چھ مہینے آپ کسی اور کو ڈیٹ نہیں کر سکتی۔۔۔کسی کو بھی نہیں۔۔۔۔۔اور آپکو نیچے سائین کرنے ہیں کہ آپ اس رول کو مانتی ہیں

WhatsApp : 0344-4499420

دوسری بات۔۔۔ آپ سر کی پرسنل زندگی میں عمل دخل نہیں دیں گی نہ ہی سر آپکی پرسنل زندگی میں کبھی انٹرفیئر کریں گے یعنی آپ سر کو اپنے حالات رونا دھونا یہ پھر کسی بھی مصیبت کے بارے میں کچھ نہیں بتائیں گی جو آپ پر گزرے گی آپ خود فیس کریں گی۔۔۔

اور اسی طرح سر بھی آپکو کچھ انفارم نہیں کریں گے یہ پابندی آپ دونوں پر ائد نہیں۔۔

تیسرا۔۔۔

آپ سر سے۔۔۔ ایموشنلی اٹیچ نہیں ہو سکتیں۔۔۔

" آئی میں اپ دونوں کے ریلیشن میں کوئی لو کا سین نہیں ہو گا۔۔۔

فورتھ۔۔۔ سر جب جہاں جیسے چاہیں آپکو آرڈرز دے سکتیں ہیں آپ بنا کسی چوں چراں کے انکے پاس جائیں گی۔۔۔ اور مقصد تو آپ بہتر جانتی ہیں "

پانچواں پوائنٹ یہ ہے کہ۔۔۔

سر۔ کو آپکی ڈریسنگ نہیں پسند آپکو۔۔۔ اپنی ڈریسنگ سر کے اکورڈینگ کرنی ہو گی۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

وہ چپ ہو گئ۔۔ہیزل بڑی بڑی آنکھیں پھیلائے اسے دیکھ رہی تھی۔

یہ کیسے رولز تھے۔

ان۔۔انھیں کیسی پسند ہے "وہ زرا ہچکچاتی ہوئ پوچھنے لگی۔۔۔

" زیادہ مشکل نہیں میم یہ۔بس جیسی نیورک کی گرلز کرتی ہیں۔۔۔عام طور پر

وہ لڑکی بولی انداز بھرپور مصروف تھا۔۔

مگر ب۔۔بہت سردی لگتی ہے سکرٹس میں۔۔۔"وہ بولی

سوری میم آپکو کوئ ایشو ہے تو اسکے لیے آپ سر سے رابطہ کریں" اسنے کہا جیسے وہ ان سب میں

اسکی مدد نہیں کر سکتی۔۔۔

ہیزل چپ ہو گئ۔۔۔

اسکے علاوہ آپکو ماہانہ آپکی رقم ملتی رہے گی۔۔۔

اور ساتھ ہی ساتھ۔۔۔آپ نے اگر مزید کوئی ایکسپینسیو اٹھوانے ہیں تو بتادیں۔۔اپکے بریںڈیڈ

کپڑے۔۔آپکے شوز۔۔۔آپکا میکپ پارلر کا خرچہ۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

مہنگے بیگز۔۔۔یہ پھر کچھ بھی جو آپکی خواہش ہو۔۔۔

م۔۔۔مجھے کچھ نہیں چاہیے "وہ بولی لڑکی نے اسکی جانب دیکھا۔۔۔

ب۔۔بس میری یونیورسٹی کی فیس۔۔۔اور کھانے پینے کا خرچہ بس "اسنے اس لڑکی کی جانب دیکھا جو اب خود آنکھیں پھاڑ کر ہیزل کو دیکھنے لگی تھی۔۔

ہاں اگر اسے وہ آفر ملتی تو پہلے تو وہ بہت خوش ہوتی کے جیمز جیسے مرد نے اسکو یہ آفر کی پھر ۔۔اسکی خواہشیں۔۔۔اسکے کپڑے جوتی پارلر۔

شاپینگز اور نیورک کا چپا چپا دیکھنے کی خواہش نہ جانے وہ کیا کیا لکھواتی اور یہ لڑکی یونیورسٹی کی فیس اور کھانے پینے کا خرچہ لکھوا رہی تھی

ہیزل کو شرمندگی ہوئی شاید وہ زیادہ بول گئی تھی

کیا یہ زیادہ ہو گیا ہے سوری۔مجھے خیال کرنا چاہیے پلیز بس میری یونیورسٹی کی فیس بھر دیں وہ" وہ بولی۔۔۔۔

جی میڈیم میں نے دونوں چیزیں لکھ دیں ہیں۔۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

کوٹ میریج ہو گی میم آپکی۔۔۔رات تک۔۔۔ آپ کی میریج ہو جائے گی۔۔۔"وہ اسے بتانے لگی۔۔

ہیزل کا دل ڈوب کر ابھرا وہ اسے سامان سمیٹتے ہوئے دیکھنے لگی

حلق میں تھوک الگ نگلا۔۔۔۔

کیا کیا جیمز بھی آئیں گے "وہ جیمز کا نام پکارتے ہوئے جیسے۔۔۔ تھک گئ کتنا مشکل تھا کسی اور کے سامنے اسکا نام لینا اور یہاں وہ فون پر اسکا نام ایکدم پکار گئ تھی۔۔۔۔

جی میڈیم انکے بغیر پیپر میریج بھی نہیں ہو گی "وہ لڑکی مسکرائی تو ہیزل کو شرمندگی ہوئی اس بیوقوفانہ سوال پر۔۔۔

وہ سر جھکا گئ

آپ بہت سوئیٹ ہیں "وہ لڑکی بولی۔۔۔

ہیزل کے خوبصورت چہرے پر چیریز کھل گئیں۔۔۔

اور سر مزید جھک گیا

وہ لڑکی اپنا سامان لے کر اور ہیزل سے پیپرز پر سائین کرا کر باہر نکل گئ۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

اور ہیزل نے جلدی سے گھر لاک کر لیا۔۔۔

وہ دل تھامے دروازے پر بیٹھی رہی کیا اسنے صحیح کیا تھا۔۔۔

کیا وہ ٹھیک کر رہی ہے" وہ گھبراتی دھڑکنوں

میں خود سے پوچھنے لگی۔۔۔

اور اسکے پاس کسی سوال کا جواب نہیں تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جیمز جیم سے واپس لوٹا تو اسکا وجود پسینے سے شرابور تھا پرل اور جیک ناشتہ کر رہے تھے اسنے ان دونوں کی جانب دیکھا جیک کو وہ اسطرح بچپن سے دیکھتے آئے تھے وہ۔۔۔ پرل کو اپنے ناشتے میں سے ناشتہ کراتا تھا اسے اپنے باپ کی یہ عادت بہت پسند تھی کہ وہ جس کو پسند کرتا تھا کھلے عام پسند کرتا تھا۔۔۔ کہ وہ کسی سے۔۔ اپنی پسند اپنی محبت یہ دیوانگی کہہ لو چھپاتا نہیں تھا۔۔۔

وہ مسکرا کر انکی جانب بڑھا۔۔۔

اوہ آپکو سردی لگ جائے گی جیمز۔۔ شرٹ ڈالیں" پرل جلدی سے۔ گھبراتی ہو بولی۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

نو پرو بلم موم آئی ایم جیکس روبوز سن۔۔"وہ باپ کو دیکھ کر آنکھ دبا گیا

جیک نے فوک سے سیب کا ٹکڑا منہ میں رکھا اور مسکرا دیا۔۔۔

پرل بھی مسکرا اٹھی

" مگر جیک کو تو بہت سردی لگتی تھی

واٹ "جیک نے حیرانگی سے پرل کی جانب دیکھا۔۔۔۔

جبکہ پرل منہ پر ہاتھ رکھے ہنس پڑی۔۔

وہ بہت خوبصورت لگ۔رہی تھی دونوں باپ بیٹے اسکو دیکھتے رہے۔۔۔

وہ زرا شرما سی گئ۔۔۔۔

تو دونوں باپ بیٹوں کا قہقہ ابھرا

آپ دونوں بہت بد تمیز ہیں۔۔۔۔مجھے ہر بار شرمندہ کرتے ہیں "پرل خفگی سے بولی۔۔

مائے سوئیٹ موم "جیمز نے پیار سے اسکی جانب دیکھا

WhatsApp : 0344-4499420

جیک نے جیمز کی جانب دیکھا

از آئیوری تھنگ اوکے "اسے کچھ ٹھیک نہیں لگ رہا تھا

افکورس اپنے ماں باپ کے ساتھ بیٹھنے میں خطرہ ہے کیا" وہ ترچھی نظروں سے اسے دیکھتا بولا

ہمم آئی سی "جیک نے کہا

پلیز جیک۔۔اب آپ ایسے مت کریے گا" پرل نے اسے انو سٹیگیشن سے روکا

اوکے "وہ سر جھکا گیا

جیمز مسکرا کر ناشتہ کرتا رہا۔۔

جیکوب بھی فریش ہو کر۔آگیا

لیزی بوائے "پرل نے۔۔ نفی میں سر ہلایا۔۔۔

جیکوب کھسیانا سا ہنسا اور بیٹھ گیا

پرل اور میں ترکی جا رہے ہیں" جیک نے انھیں اطلاع دی۔۔۔

دونوں نے باپ کی جانب دیکھا

WhatsApp : 0344-4499420

بٹ ڈیڈ تر کی مجھے جانا تھا آپ خود کیوں جا رہے ہیں "جیکوب بولا

یس آئی تھینک جیکوب مینیج کر لے گا "جیمز نے کہا۔۔۔

نو ریلکس رہو۔۔ دونوں۔۔ فلحال مجھے خود جانا ہے۔ میں دیکھنا چاہتا ہوں۔۔۔ کہ وہ پارٹی کیا ہے ۔۔۔ کیونکہ میں خود نہیں ملا کبھی۔۔۔ اینڈ یو بیٹر نو۔۔۔۔ کہ میں نے تم دونوں کو کبھی وہ کام نہیں دیا جس سے پہلے میں واقف نہ ہوں "جیک نے کہا۔۔

بٹ ڈیڈ آئی تھینک اب آپ کو ہم دونوں پر ٹرسٹ کرنا چاہیے "جیمز نے ناشتہ چھوڑا چہرے پر زرا ناگواری آئی

جیک پہلی بار خاموش ہوا تھا

آپ دونوں ہی نہ جائیں میں خود جاؤں گا "جیمز جیسے فائنل بات کر کے اٹھا

وہ سب چپ رہ گئے

ڈیڈ "جیکوب کچھ کہتا تو جیک نے ہاتھ اٹھا کر روکا

لیٹس سی "جیکوب نے سر ہلایا۔۔۔

پرل اس دوران خاموش رہی۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

جیمز شاور لے کر باہر نکلا۔۔۔اسے شدید غصہ ارہا تھا اسنے ٹیبل پر۔۔۔دیکھا وہاں ہیزل کے نام کی فائلز رکھی تھی وہ۔۔۔گیلے بالوں میں ہاتھ پھیرتا اس فائل تک پہنچا۔۔۔

اور اسنے وہ فائل کھولی ہیزل کے سائین تھے۔۔

سب پیپرز پر

جبکہ اینڈ میں آسکی ڈیمانڈ لکھیں تھیں۔۔

جیمز نے سرد سانس کھینچا اسے جیک پر غصہ تھا

جیک صرف ایک غلطی کو لے کر۔۔اسے بچہ سمجھ رہا تھا۔۔۔۔

اسنے کل ہی ترکی جانا تھا مگر ہیزل کا مسلہ حل کر کے۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

وہ ڈریسیپ ہوا۔۔ شیشے کی واڈروپ کے اس پار اسکے کپڑے۔۔۔لٹکے ہوئے تھے ایک سے بڑھ

کر ایک مہنگا سوٹ تھا۔۔۔

زیادہ تر۔۔وائٹ اینڈ بلیک ڈریسز تھے پورے سوٹ تھے۔۔

اسے کسی سے اپنے کام کروانے کا شوق نہیں تھا۔۔۔ تبھی اپنے سارے کام خود کرتا تھا۔۔

اسنے ڈریس نکالا اور ڈریسپ ہو کر۔۔وہ فل وال میرر کے سامنے آگیا۔۔۔

خود کو تیار کر کے وہ۔۔۔مہنگا سپرے اور پرفیوم چھڑک کر وہ۔۔۔باہر نکلا۔۔۔

اور سیڑھیاں اتر کر وہ باہر نکلنے لگا کہ کار ٹرا گیا

ڈین آیا تھا" وہ بولا۔۔۔

یار پلیز اسکو فارغ کرو۔۔میرے پاس وقت نہیں اسکے لیے "جیمز بولا۔۔۔

" ٹھیک ہے وہ تو میں کر دوں گا یہ۔۔ترکی کا کیا سین ہے

تم ساتھ چلو گے "جیمز باہر نکلتے ہوئے اپنے گاگلز لگاتا بولا

WhatsApp : 0344-4499420

یہ جانیں بنا کہ باپ نے پیچھے سے کس چاہت سے اسے دیکھا تھا وہ جانتا تھا وہ اسکی طرح ضدی ہے

زرا اس سے مختلف۔۔۔ مگر بلکل اسکے جیسا۔۔۔۔

جیک مسکرا کر پلٹا تو پرل نے اسکی مسکراہٹ کو آچک لیا

آپ انکے سامنے تو۔۔ آپریشیٹ نہیں کرتے "وہ خفگی

سے بولی

میں دن رات دن رات اس عمر میں بھی انکی ماں کو اپریشیٹ کرتا ہوں کیا کافی نہیں "وہ آنکھ دباتا

بولا

جیک "پرل نے منہ بنایا

" آپ انکے ساتھ نرمی رکھا کریں انپر ٹرسٹ کریں

ہنی۔۔۔ میں جانتا ہوں ایک مافیا کس طرح بنا جاتا ہے۔۔۔

" میں خود بنا تھا جبکہ اسکو اسکا باپ بنا رہا ہے تو ایزی رہو۔۔۔ اوکے

WhatsApp : 0344-4499420

پرل نے سر ہالا دیا۔۔۔

جیک ایک بات کہوں" پرل بولی

سو باتیں کہو" اسنے پیار سے اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرہ

ہم جیمز اور جیکوب کی شادی کب کریں گے" وہ پوچھنے لگی

تھرٹی جب عمر ہو جائے گی" جیک نے اسے صوفے پر بیٹھایا۔۔۔

" اتنی زیادہ عمر

پرل کو پسند نہیں آیا۔۔۔

تم چاہتی کیا ہو" جیک ہنسا۔۔۔

" اوکے چلو کسی لڑکی کو دیکھو۔۔۔ جیکوب کے لیے

وہ ہار مانتا بولا

اور جیمز۔۔۔" پرل بولی۔۔۔

فلحال اسکے بارے میں نہ سوچو ہنی" وہ بولا تو پرل جانتی تھی یہ فیصلہ حتمی ہے

WhatsApp : 0344-4499420

کارٹر نے گاڑی روکی۔۔۔

جیمز گاڑی سے اترا۔۔۔اس گھر کو دیکھا۔۔۔۔

وہ گھر مناسب تھا انکے منشن کا شاید ایک کمرہ بس۔۔۔

کارٹر نے دروازہ بجایا۔۔۔۔

دروازہ کچھ توقف سے کھلا۔۔۔اور ہیزل پیچھے ہٹ گئ۔۔

وہ لوگ اندر آگئے۔۔۔

ہیزل کا چہرہ زرد ہو گیا۔۔۔۔

وہ پتے کیطرح کانپ رہی تھی۔۔۔

جیمز نے ارد گرد دیکھا پھر ہیزل کی جانب دیکھا

اسنے گارڈز کو باہر نکال دیا۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

بس ایک آرڈر سے وہ لوگ باہر نکل گئے ہیزل نے جیسے سکھ کا سانس لیا مگر تادیر نہیں کیونکہ جیمز اور وہ تنہا تھے اس وقت وہ ادھر ادھر دیکھتی رہی۔۔

وہ اسے کھڑا گھورتا رہا۔۔۔

کارٹر اندر آیا۔۔۔۔

جیمز یہ پیپرز "کارٹر نے دیے تو جیمز نے ان پیپرز کو کیچن کاؤنٹر پر رکھا جو کہ اوپن ہی تھا۔۔۔ اور ہیزل کی جانب دیکھتے اسنے ان پیپرز پر سائین کر دیے۔۔۔

ہیزل کا سر البتہ جھکا ہوا تھا۔۔۔

کارٹر نے جیمز کی جانب دیکھا

جاؤ تم "وہ بولا

ہمارے پاس زیادہ وقت نہیں جیمز پلین ریڈی ہے "وہ بولا

جیمز نے سر ہلایا۔۔کارٹر باہر نکل گیا جیمز ہیزل کے نزدیک انے لگا۔۔اور ہیزل کو لگا اسکی ٹانگوں میں اب جان نہیں رہی اسنے زور سے صوفے کی پشت تھام لی۔

سائین کرو "جیمز نے کہا نظریں گھیری تھیں

WhatsApp : 0344-4499420

ہیزل کے ہاتھ کانپ رہے تھے اسنے جیمز کے ہاتھ سے پین لیا۔۔

توجیمز نے اسکے ہاتھوں کی لرزش کو نوٹ کیا۔۔

ہیزل نے کانپتے ہاتھوں سے۔۔۔سائین کر دیے۔۔۔

اور بس اسی خاموشی کے ساتھ دونوں کی شادی ہو گئ۔۔۔

جیمز نے کارٹر کو پکارہ

اسکی پکار اسکے گھر میں گونجی ہیزل خود پر قابو نہیں پا رہی تھی

وہ جیسے گیرنے کو تھی

کارٹر اکر پیپرز لے گیا۔۔۔

آگے کیا ہونے والا تھا ہیزل سہم گئ کیونکہ۔۔۔

انکی شادی جس مقصد کے لیے ہوئ واضح تھا۔۔۔

جیمز نے کوٹ کی جیب میں ہاتھ مارا اور۔۔۔وہاں سے۔۔۔ایک وائٹ انویلپ نکلا۔۔۔

تمھاری فرسٹ سیلری "وہ بولا۔۔انداز عجیب تمسخرانہ تھا

WhatsApp : 0344-4499420

ہیزل بری طرح شرمندہ تھی۔۔۔

اس سے وہ انویلپ پکڑا نہیں گیا

نہ جانے کیوں آنکھوں میں کئ آنسوں بھر گئے وہ سر جھکائے کھڑی رہی جیمز نے وہ پیسے صوفے پر پھینک دیے۔۔۔۔

میں چاہو تو تمھیں ترکی بھی اپنے ساتھ لے جا سکتا ہوں۔۔۔۔

مگر فلحال نہیں۔۔۔تب تک تم بھی خود کو اپنے دماغ کو۔۔تیار کر لو۔۔۔یہ جس طرح تم کانپ رہی ہو۔۔۔۔میرے آنے تک خود کو قابو میں کر لینا" وہ سرد سپاٹ لہجے میں بول رہا تھا

جیمز نے اسکے ہاتھوں۔سے موبائل نکالا مگر ہیزل نے اس سے اسطرح ہاتھ بچائے کہ وہ چھو نہیں پائے۔۔۔

جیمز طنزیہ مسکرایا۔۔۔

اور ہیزل کے موبائل میں اپنا نمبر چیک کرنے لگا۔۔۔۔

سے سیو تھا جیسا کہ اسنے کیا تھا J اسکا نام

وہ جیکوب کا نمبر دیکھنا چاہتا تھا۔۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

اسنے جیکوب کا نمبر ڈائل کیا تو اوپر ہی بوائے فرینڈ بلینک ہونے لگا۔۔۔۔

جیمز نے اسکی جانب ایسی نظروں سے دیکھا کہ ہیزل۔۔ سہم گئ

" ی۔۔۔یہ میں نے نہیں کیا

وہ صفائ دینے لگی حالانکہ انکے اگریمنٹ میں یہ شامل نہیں تھا کہ وہ کسی بھی بات کے لیے

جواب دہ ہیں۔۔۔

اور پرل کو یہ بات یاد اگئ۔۔۔۔

وہ چپ ہو گئ۔۔۔ جیمز کو ایک نظر دیکھ کر سر جھکا گئ

میرے نمبر پر کیا لکھو گی" اسنے اسکے ہاتھ سے سیل فون لیا

بس وہ نہیں جانتا تھا جیکوب کے نمبر پر بوائے فرینڈ دیکھ کر وہ کیوں۔۔ایکدم تپ اٹھا۔۔۔

آپ آپ بتادیں" ہیزل سمجھ نہیں پائ اس حرکت کا مقصد۔۔۔

واپسی پر چیک کروں گا سوچ کر نام فیڈ کرنا" وہ بولا۔۔اور اسکے گال کی جانب ہاتھ بڑھایا۔۔۔

دونوں کی دھڑکنوں میں شور برپا ہو گیا

WhatsApp : 0344-4499420

ہیزل۔۔۔کو لگا یہ ہاتھ اس تک پہنچا تو وہ بے ہوش ہو کر گیر جائے گی۔۔۔

مگر ایسا نہیں ہوا۔۔۔

جیمز نے اسکے گال کو بس دو پوروں سے چھوا۔۔۔

اور پیچھے ہٹ گیا۔۔۔

بنا کچھ کہے۔۔وہ وہاں سے نکلنے لگا۔۔

کہ ایکدم کسی چیز سے ٹکرایا۔۔۔

جیمز سنبھلا

خ۔۔۔خیال سے۔۔۔لگی تو نہیں" وہ جلدی سے آگے بڑھی۔۔۔

اور اسکا ہاتھ تھام گئ

جیمز نے اپنے ہاتھ پر اسکا ہاتھ دیکھا

ہیزل نے سٹپٹا کر ہاتھ دور کیا۔۔۔ :

اور جیمز وہاں سے باہر نکل گیا۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

ہیزل البتہ ناخن دانتوں میں دبا گئ کنفیوز ہو کر۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جیمز تر کی چلا گیا تھا۔۔۔ جبکہ جیکوب یہاں موجود تھا جیمز اور کارٹر کے جانے کے بعد اسکے رویے میں کام کو لے کر سنجیدگی آ گئ تھی صبح جلدی اٹھنے لگا تھا۔۔ ابھی بھی وہ سیڑھیوں سے جلدی جلدی اترتا۔۔ ناشتے کی ٹیبل پر آیا جہاں جیک اور پرل پہلے سے موجود تھے۔۔۔

اسنے کھڑے کھڑے ہی کسی کو کال ملائ۔۔۔ وہ براؤن جیکٹ وائیٹ ہائ نیک اور براؤن ہی پینٹ میں۔۔ بہت ہینڈسم لگ رہا تھا اسکے دونوں ہی بیٹے بہت ہینڈسم تھے۔۔

جیک نے اسے فلحال نہیں دیکھا تھا۔۔ جبکہ پرل اسکو نظر بھر کر دیکھ رہی تھی

جیکوب "اسنے جیکوب کو پکارہ جو۔۔ فون فورا بند کر گیا

یس موم "اسنے کہا۔۔

ہم آپکے لیے لڑکی دیکھ رہے ہیں میرا اتنا ہینڈسم بیٹا کب تک کنوارا رہے گا" وہ مسکرا کر اسے چھیڑنے لگی۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

جیکوب مسکرایا۔۔۔

آئی سی لیسن مام بٹ وہ کرون تو جیمز کے سر پر پہنایا جانا ہے تو پہلے میری شادی کیوں" اسنے ایکدم پوچھا۔۔

جیک نے اسکی جانب دیکھا۔۔۔

وہ کرون تم پہن لینا اس میں کیا پرو بلم ہے" جیک نے شانے اچکاے۔۔روایات تو اب تک چلتی آ رہی تھی۔۔۔

انھوں نے تاج سر پر پہنا تھا مگر یہ بس سر سری سی فارمیلٹی تھی۔۔۔

جو انکی شادی سے پہلے ضروری تھی۔۔۔ مگر جیمز اسکا اصل حقدار تھا جبکہ باپ ابھی اسکی شادی ہی نہیں کرنا چاہتا تھا

ڈیڈ ہی ڈیزرو ناٹ می" وہ جیسے حقیقت بتانے لگا۔

مائے سن۔۔۔ آئی نو۔۔۔یو ڈیزرو اور ناٹ بٹ جیمز۔۔۔ تھرٹی سے پہلے شادی نہیں کرے گا "جیک کو جیسے ضد سی تھی۔

اسکی ریزن "جیکوب کو تو سمجھ ہی نہیں لگی یہ بات۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

آئی تھینک وہ مزید پروفیشنل ہو جائے گا" جیک نے وجہ بتائی۔۔

" آپ دیکھ لینا وہ ترکی سے اپنا کام کیے بنا نہیں نکلے گا

جیکوب نے بھائی کی حمایت کی جیسے باپ کو اسپر اب بھی یقین نہ ہو

لیٹس سی" جیک نے لاپرواہی سے کہا۔۔۔

اور جیکوب چپ ہو گیا۔۔۔۔

جب میں کام کی بات کرتی ہوں آپ لوگ اپنی بات لے آتے ہیں بیچ میں" پرل اب کے زرا خفگی سے بولی۔۔۔۔

آئی سی۔۔۔" جیک نے مسکراہٹ دبائی

پرل نے جیکوب کی جناب دیکھا

کیا آپکو کوئی لڑکی پسند ہے" اسنے پہلے بیٹے سے ہی جاننا مناسب سمجھا۔۔۔

جبکہ جیکوب کی آنکھوں میں۔۔۔ڈیزی کا چہرہ آگیا۔۔۔

مگر اسکی باپ اسکی عمر جان کر جیکوب کے سر پر سوار ہو جاتا۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

کوئی ایک مسٹر جیکوب کو تو۔۔۔پوری ٹیم چاہیے بیویوں کی رائٹ "جیک نے اسپر طنز کیا۔۔

اب ایسا بھی کچھ نہیں۔۔۔"جیکوب چیڑ گیا۔۔

نہ جائز فائدہ اٹھا رہے ہیں آپ میں اکیلا جو ہوں "وہ منہ بنا گیا جیک ہنس پڑا

آئی ایم ودیو آلویز مائے سن "وہ۔۔بولا۔۔تو جیکوب مسکرایا۔۔۔

دیٹس گریٹ تو میں۔۔سوچ کر بتاتا ہوں "اسنے کہا۔۔۔

پرل نے سر ہلایا۔۔۔

ایسا کر لیتے ہیں پرل لڑکی ڈھونڈ لیتی ہے "جیک اسکے نکلنے سے پہلے بولا۔۔۔

مسٹر جیک۔۔۔پرل کا ڈیسیجن بھی۔۔اپنے موم ڈیڈ سے کراتے"۔جیکوب نے جیسے گھور کر دیکھا

اوہ مسٹر جیکوب آئی ہیو نو ڈیڈ اور آ موم انفورچینیٹلی "اسنے جیسے یاد دلایا کہ اسکے ماں باپ نہیں تھے

جیکوب کھڑا اسے گھورتا رہا۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

جیک کو البتہ مزہ آرہا تھا۔۔۔

جیکوب بن کچھ کہے باہر نکل گیا۔۔۔۔

جیک پرابلم کیا ہے آپ کے ساتھ" پرل نے۔۔۔اسکو گھورا اسکے بیٹوں کو کیسے تنگ کر کے رکھا تھا۔۔۔۔۔۔

فرگیٹ دیز.بیفیلوز اینڈ کانسنٹریٹ

اون یور ہز بینڈ ہنی" جیک نے پرل کا ہاتھ پکڑا

" اتنے سالوں سے میرا کانسنٹریٹ آپ پر ہی ہے اب مجھے اپنے بیٹوں پر کرنا ہے سیریسلی۔۔۔تم صرف مجھ سے پیار کرو گی باقی میں ہوں نہ تمھارے بیٹوں سے پیار کرنے کے لیے" کہتے ساتھ ہی وہ اٹھا اور اچانک ہی پرل کو اپنے بازوؤں میں بھر کر برائیڈل سٹائیل میں اٹھالیا

پرل حیران سی پریشان رہ گئ جبکہ شرمندگی الگ ہوئ۔۔۔۔

ج۔۔۔جیک" وہ ادھر ادھر دیکھنے لگی کہیں کوئ ملازم دیکھ نہ لے وہ کیا سوچے گا انکے بارے میں

جیکس روبو وانٹ یو۔۔۔" وہ اسکے کان میں جھک کر بولا۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

جبکہ پرل نفی میں سر ہلاتی شرما کر اسکے سینے میں چہرہ چھپا گئی جیک ہنستا ہوا اسے اپنے ہی روم میں

اوپر لے جانے لگا۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جیکوب آفس میں تھا۔۔۔پورا کانسنٹریٹ کام کیطرف تھا۔۔۔

وہ جانتا تھا جیک سے زیادہ جیمز۔۔اسکی زندگی حرام کر دے گا۔۔اور نیورک سے محبت تو شاید

انکی نسوں میں تھی

وہ سپالئے ہونے والی چیزوں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

کہ اچانک اسکا ڈور بجا۔۔

اسنے نظریں اٹھائیں۔۔۔۔۔

ریچل نارمل کو دیکھ کر وہ مسکرایا

WhatsApp : 0344-4499420

اور ریچل "اسنے کہا تو ریچل اندر داخل ہوا وہ ایک خوبصورت نوجوان لڑکا تھا اور جیکوب کے کالج کا

دوست تھا جبکہ۔۔ جیمز کو اس سے سخت نفرت تھی۔۔۔

البتہ جیکوب۔۔۔ جیمز کو اکثر کہتا تھا تمھارا کوئی دوست نہیں تو تم میرے دوستوں کو کیوں نفرت

سے دیکھتے ہو

جیکوب اٹھ کر اس سے ملا

مجھے لگا تم بھی مجھے نکال دو گے مافیا بوائے "ریچل ہنسا

اوہ نو یار۔۔ جیمز کی باتوں کا برا نہ مانا کرو وہ زرا دوسری نیچر کا ہے "جیکوب نے کہا۔۔ اور فائلز بند

کی

کیا دیکھ رہے تھے "ریچل نے وہ فائلز دیکھی

کچھ نہیں بس۔۔۔۔ کام سے متعلق ہی تھا

ریچل نے سر ہلایا۔۔۔۔

مجھے تم سے ایک کام تھا جیکوب "ریچل بولا تو جیکوب نے اسکی جانب دیکھا

ہاں بولو "وہ بولا۔۔۔ اسے کچھ معیوب نہیں لگا کہ ریچل نے اس سے ایسا کیوں کہا۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

ایکچلی مجھے تمھارے کام میں انولو ہونا ہے "وہ دوٹوک بولا جیکوب نے گہری سانس لیا۔۔۔

کیوں "وہ سوال کرنے لگا

ایسا کیوں پوچھ رہے ہو دوست ہوں تمھارا یار "وہ زرا کھسیانا سا ہنسا۔۔

جیکوب نے سر ہلایا۔۔

یہ فیصلہ جیمز کرتا ہے وہ اپنے بھروسے کے بندے رکھتا ہے

مگر ایسا کیوں "ریچل نے اسکی بات ٹوکی

اسکا جس کو دل چاہے گا وہ اسے رکھے گا اور جسے نکالنا چاہے گا اسے نکال دے گا ایسا کیوں جبکہ تم بھی برابر کے حصے دار ہو

ہم مافیا ہیں ہماری جائیداد نہیں جو تم یہ باتیں کر رہے ہو اور جیمز بھائی ہے میرا وہ مجھ سے بہتر سوچتا ہے

جیکوب نے شانے اچکائے

WhatsApp : 0344-4499420

یعنی تم کم عقل ہو "ریچل نے کہا تو جیکوب نے پہلی بار اسے سرد نظروں سے دیکھا برا نہ ماننا لیکن تم اس پر ڈیپینڈ کرتے ہو اب دیکھو تم مجھے انولو کر سکتے ہو مگر تم ماتحت ہو اسکے وہ بتائے گا تبھی تم رکھو گے۔۔ حیرت ہی ہے نہ "اسنے کہا تو۔۔۔

جیکوب نے سانس کھینچا۔۔

ڈیڈ نے اسکے حوالے کیا ہے نیورک کو۔۔۔ اور میں نیورک سے اتنی ہی محبت کرتا ہوں جتنی ایک عاشق اپنی محبوبہ سے میں کبھی ہمارا راج ختم نہیں کرنا چاہوں گا "جیکوب اب بھی اپنی بات پر ڈٹا " تھا تو کس نے کہا تمھارا راج ختم ہو گا اچھا ایسا ہے کہ تمھیں مجھ پر بھروسہ نہیں

ریچل نے نفی میں سر ہلایا

" اوکے پھر ٹھیک ہے

ایسا کچھ نہیں ہے۔۔۔ مگر تم یہ سب۔۔۔ تم جانتے ہو۔۔ ہر

کچھ منٹ بعد بندوق کا کھیل کھیلا جاتا ہے خون کی ہولی ایکطرح سے ہوتی ہے کیا یہ سب تم "

جیکوب رک گیا

افکورس یار بچہ نہیں ہوں "وہ بولا۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

اوکے میں بتاتا ہوں تمھیں "جیکوب نے کہا تو ریچل نے اب اسے غصے سے دیکھا

"یعنی اپنے دوست کو انولو کرنے کے لیے تمھیں سوچنے کی ضرورت ہے

جیکوب کا بے ساختہ قہقہہ اٹھا۔۔

"اوکے برو۔۔۔ تم آجاؤ جیمز طے کرلے گا تمھیں کس۔۔۔ حصے میں ڈالنا ہے

جیمز" ریچل نے جیسے نام چبایا

اوکے میں کرلوں گا۔۔ کم از کم سوچنے کا موقع تو دو" وہ ہنسنے لگا

دیٹس گڈ تم سوچو آسانی سے میں کل کال کروں گا" ریچل بولا اور اٹھ گیا

جیکوب نے سر ہلایا دیا وہ وہاں سے باہر نکلا۔۔۔

چہرے پر طنزیہ مسکراہٹ تھی گاڑی میں سوار ہوا اور جیسے ہی اسنے چہرہ موڑا اسکی نگاہ ڈین پر پڑی

ہو گیا کام" ریچل بولا

ایکسیلینٹ" ڈین ہنسا

"ویسے جیکوب اچھا خاصا کم عقل ہے

WhatsApp : 0344-4499420

ڈین بولا

تمھیں ایسا لگتا ہے میں اسکے ساتھ رہا ہوں ایسا کچھ نہیں" وہ کہہ کر گاڑی سٹارٹ کرنے لگا

ریچل در حقیقت ایک غریب طبقے سے تعلق رکھتا تھا جسے صرف پیسے سے غرض تھی جبکہ ڈین

۔۔۔ صرف اور صرف نیورک کو چاہتا تھا وہ تو ایلن کا بھی پتہ صاف کر دینا چاہتا تھا اور اچھا ہوا تھا

۔۔ کہ جیمز اور جیکوب نے اسے مار دیا۔۔

اب وہ آسانی سے۔۔ اسکے پیسے پر قبضہ کر کے۔۔ نیورک پر راج کرنا چاہتا تھا

"تم نے کہا تھا اسنے کسی لڑکی کا میرے خیال سے ذکر کیا تھا

ریچل یاد کرتا بولا۔۔

ہاں ڈیزی" ڈین نے سر ہلایا

۔۔

ریچل نے اسکی جانب دیکھا

جیکوب مجھے لگتا ہے ڈیزی میں انٹرسٹیڈ ہے" ڈین نے تجزیہ کیا

WhatsApp : 0344-4499420

مگر ڈیزی وہ تم نے مجھے دینے کی بات کی تھی۔۔یہ جان پر کھیل کر میں۔۔۔کام کر رہا ہوں مجھے منہ مانگا پیسہ اور وہ لڑکی چاہیے "ریچل بولا تو ڈین نے سر ہلایا

"ٹھیک ہے اب جلدی نکلو یہاں سے

ڈین نے بے زاری سے کہا اور وہاں سے تیزی سے گاڑی آگے بھاگ گئ

جیکوب نے۔۔کال گھمائی ایسے ہی۔۔اور جیک بھی صبح سے آج گھر پر تھا جیمز کی اسے بہت یاد آ رہی تھی جب جیمز یہاں ہوتا تھا تو کم از کم وہ تو اپنی عیاشی میں مصروف ہوتا مگر اب تو اسے ہی وقت دینا پڑتا تھا۔۔

پرل البتہ۔۔۔کہیں گئ ہوئ تھی۔۔نہ جانے کہاں وہ جانتا نہیں تھا جبکہ۔۔۔جیک سٹڈی میں تھا۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

اور جیکوب کو۔۔ایسے ہی لاونج میں بیٹھنا پڑا۔۔اسکے سارے دوست۔۔اپنی عیاشی میں مصروف تھے کسی نے اسکی اکل اٹینڈ نہیں کی تبھی اسنے ہیزل کو کال ملالی۔۔

ہائے بیبی "وہ بولا۔۔۔

دوسری طرف خاموشی چاہ گئ

ڈونٹ ٹیل می تم اپنے بوائے فرینڈ کو بھول گئ ہو "اسنے کہاتو۔۔۔

ہیزل نے گھیرہ سناؤ بھرا۔۔

یعنی میں تمھیں یاد ہوں "جیکوب ہنسا

"جی آپ یاد ہیں مجھے

دیٹس گریٹ "ہیزل مدھم آواز میں بولی جبکہ۔۔جیکوب نے بات اچک لی

WhatsApp : 0344-4499420

یار بور ہو گیا ہوں ایک تم ہی تھی جس سے بات کرنے کا موقع ملا یہ پھر یہ کہہ لو تم نے ہی فون کال پیک کی میڈیم باقی میں دوست تو۔۔۔"وہ رک گیا

کاش تم میری گرل فرینڈ ہوتی تو کھل کر بات کہتا وہ کیا کر رہیں ہیں اور میں بے چارہ کہاں پھنس گیا ہوں"

جیکوب کی بات پر دوسری جانب۔مدھم سی ہنسی سنائی دی اس خوبصورت ہنسی پر وہ چپ ہو گیا

"تو آپ بھی کر لیں آپکو کون روک سکتا ہے

وہ جیک جن ہے نہ ایسے کہہ رہی ہو جیسے جانتی نہیں"جیکوب نے زرا چیڑ کر کہا

ہیزل نے سر ہلایا۔۔

دل تو میرا ایک بار پھر تمھاری ہاتھ کی کافی پینے کا ہے مگر۔۔۔ہائے برے قسمت یہاں سے کیسے نکلوں"جیکوب بولا

تو ہیزل نے جیسے اسکی مدد کا سوچا جیک کو تو وہ اچھے سے جانتی تھی اسکی یاداشت میں جیک کا اپنے ساتھ رویہ جیسے چیسپاں تھا۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

آپ ایسا کریں۔۔۔ کہہ دیں میں سو رہا ہوں اور۔۔۔ آرام سے کمرے سے نکل کر بھاگ جائیں"

ہیزل کے مشورے پر۔۔۔ جیکوب کا قہقہہ ابھرا

یہ کیسا بچوں والا مشورہ ہے" جیکوب نے کہا

اور ملازم سے کافی کا کپ لیا

کچھ اور سوچو

آپ سر سے پوچھ لیں کے کچھ دیر کے لیے باہر چلا جاؤں" ہیزل نے سیدھی سی بات کی منہ الگ

بن گیا کہ۔۔ کیسے وہ اسکے اچھے بھلے مشورے کو بچوں والا کہہ رہا تھا

بچہ ہوں ہو پوچھ کر جاؤں" جیکوب نے نفی کی یعنی یہ بھی پسند نہیں آیا۔۔

اور میں کیا کہہ سکتی ہوں" ہیزل نے کہا۔۔

اچھا میں یہاں سے نکل بھی جاؤں تو جاؤں کہاں اور ہاں ایک رات کے لئے مجھے ڈیٹ کرو گی"

جیکوب کی بات پر ہیزل کیطرف خاموشی چھا گئی۔۔۔

اسے جیمز کا اگریمینٹ یاد آگیا جس میں لکھا تھا کہ وہ کسی کو ڈیٹ نہیں کرے گی

م۔۔ میں میں کیسے میں نے کسی کو آج تک ڈیٹ نہیں کیا" وہ بولی تو گھبرائی ہوئی تھی

WhatsApp : 0344-4499420

تو چلو میں تمھیں ڈیٹ کرتا ہوں بس ایک ارت کی ہی تو بات ہے یار "جیکوب ایکدم اٹھا

"ن۔۔ نہیں میں ایسے مجھے پڑھنا ہے

شیٹ آپ ہیزل مجھے تمھیں ڈیٹ کرنا ہے اور تم میرے ساتھ چل رہی ہو دیٹس اٹ "وہ بولا اور

۔۔فون بند کر دیا۔۔۔ جبکہ مسکرا الگ اٹھا۔۔۔

جلدی سے اپنے کمرے کی جانب بھاگا

جانتا نہیں تھا جیک کو کیا کہنا ہے اگر وہ اسے کچھ بھی بتانے کے چکر میں رکا تو شاید اسے۔۔وہ نکلنے نہ دیتا تبھی آکر ڈانٹ سننے کا پلین رکھا اور ویسے بھی وہ ساری رات آنے نہیں والا تھا اور کل جیمز آجاتا تو۔۔سب اڈجیسٹ ہو جاتا

وہ جلدی سے اپنا ڈریس اپ ملازم کو کہہ کر اس سردی میں شاور لینے چلا گیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔ہیزل نے سیل فون رکھا اسکا یونیورسٹی میں آج اڈمیشن ہو گیا تھا وہ بے حد خوش تھی۔۔۔ اور سوچا کہ کچھ پڑھ بھی لے۔۔ تبھی وہ سٹڈی کے سامنے بیٹھی تھی کل سے اسنے۔۔ایک فوڈ ہب میں جاب کا سوچا تھا۔۔۔اور وہاں اسے نوکری مل بھی گئی تھی۔۔اور کل سے اسے وہاں

WhatsApp : 0344-4499420

جاب بھی کرنی تھی تا کہ وہ۔۔ مزید اپنے خرچے اٹھا سکے اسطرح جیمز پر تو ساری ڈیپینڈ نہیں کر سکتی تھی

اسے جیکوب کی کال۔۔۔ پر حیرانگی ہوئی۔۔ مگر کال اٹینڈ کر گئ۔۔

اسے اسکی ڈیٹ والی بات پر جیمز کا اگریمینٹ یاد آیا وہ توڑنا نہیں چاہتی تھی مگر وہ جیمز کا بھائ تھا

وہ تبھی ناخن کاٹنے لگی

کچھ دیر وہ یہ ہی سوچتی رہی کہ۔۔۔ اسکے گھر کا دروازہ بجا وہ ایکدم اٹھی کیا وہ آگیا اتنی جلدی

ہیزل نے دروازہ کھولا

کماؤں لیڈی آجاؤ" جیکوب ریڈ سپورٹس کار میں تھا

ہیزل اسے کیسے انکار کرتی تبھی وہ یوں ہی بالوں میں ہاتھ پھیرتی۔۔۔ اپنا گھر لاک کر کے۔۔

اسکے ساتھ گاڑی میں سوار ہو گئ

گاڑی اوپر سے کھلی تھی ارد گرد سب لوگ انھیں دیکھ سکتے تھے اور وہ سب لوگوں کو

WhatsApp : 0344-4499420

جیکوب نے اونچی آواز سے سونگ لگالیا

ہیزل اسکی گاڑی کی تیز سپیٹ ہر ایکدم کانپ گئ

سردی لگ رہی ہے "جیکوب نے پوچھا۔۔

ہیزل نے سر ہلایا

اوہ ہو تم تو واقعی ڈیٹ والی سچویشن چاہتی ہو

" مگر میں نے ایسا نہیں کہا

ہیزل کے فورا کہنے پر وہ ہنس پڑا۔۔۔

" یہ لو "جیکوب نے اپنی اپر اتاری

ن۔۔ نہیں "ہیزل نے انکار کرنا چاہا مگر اسکی خاموش نظروں کو دیکھ کر۔۔۔ایکدم اسکے ہاتھ سے

جیکٹ لے لی

وہ امیر تھا اسکی جیکٹ بہت گرم تھی ہیزل کو اچھا لگا وہ پہن کر

ڈو یو لائک اٹ "اسے مسکراتا ہوا دیکھ کر جیوکب نے پوچھا

WhatsApp : 0344-4499420

ہیزل نے سر ہلا دیا

تو تم رکھ لو" جیکوب نے مسکرا کر کہا

" نہیں تھنکیو

ہیزل نے انکار کیا

یار دیکھو تمھارے کپڑے بھی کمفرٹیبل نہیں ایسے ہی کیسے رہ لیتی ہو او شاپنگ کرتے ہیں"

جیکوب نے گاڑی ریورس کی

نہیں جیکوب مجھے کچھ نہیں لینا" ہیزل نے کہا تو۔۔۔

جیکوب ہنسا

تمھارے منہ سے میرا نام کافی خوبصورت لگا۔۔

پھر سے کہو" وہ بولا۔۔

یہ کیا بات ہوئی_" ہیزل نے منہ بنایا

کہو تو" وہ ضد کرنے لگا

WhatsApp : 0344-4499420

جیکوب "وہ منمنائی

بہت خوبصورت اب خاموش رہنا کبھی تمھاری خوبصورتی کو چھولوں "وہ آنکھوں میں گھمبیر لاتا بولا جبکہ ہیزل نے آنکھیں ادھر ادھر کر لیں

جیکوب مسکرایا اور اس رات کی تنہائی دسمبر کی ٹھنڈی ہوا میں وہ گاگلز لگائے مزے سے گاڑی ڈرائیو کر رہا تھا گویا بہت انجوائے کر رہا ہو وہ یہ سب۔۔

جبکہ ہیزل سکڑتی جا رہی تھی مگر حقیقت تھی اسکی جیکٹ کافی سپورٹ کر رہی تھی

حال کہ یہ بھی حقیقت تھی جیکوب کو خود بہت سردی لگتی تھی

اسنے گاڑی۔۔۔ایک مال کے آگے روکی اور گاڑی سے اترا۔۔

مجھے واقی کچھ نہیں لینا "ہیزل بولی۔۔۔

ریلکس یار آجاؤ "جیکوب نے اسکا ہاتھ پکڑا اور اسے لیتا اندر آگیا۔۔۔

جبکہ ہیزل بھی ساتھ تھی کسی کی نظر ان دونوں پر پڑی

WhatsApp : 0344-4499420

یہ جیکوب ہے "ریچل بڑبڑایا

مگر اسکے ساتھ کون ہے "وہ غور سے دیکھنے لگا

کافی خوبصورت اور دلکش ہے "اسنے مسکرا کر کمینٹ کیا جبکہ

گہیری نظروں سے سوچتا دوبارہ اپنے کام میں مگن ہو گیا۔۔۔

جبکہ ہیزل اور جیکوب شاپس میں آ گئے وہ اسے مختلف چیزیں دلا رہا تھا وہ اسے ویسے کپڑے دلا رہا تھا جیسے۔۔۔نیورک کی لڑکیاں پہنتی تھیں

میں نہیں لینا چاہتی ان میں سردی لگتی ہے "ہیزل نے کہا۔۔جبکہ چہرہ بار بار۔۔۔۔سرخ ہو جاتا

۔۔۔۔

مگر مجھے ایسے پسند ہیں "جیکوب اسکے آگے۔۔۔لگاتا بولا۔۔۔

" جاؤ ٹرائے کرو

آف اتنی سردی میں "ہیزل نے نفی کی۔۔

یار جاؤ بھی "وہ اسے ٹرائے روم میں دھکیل گیا

WhatsApp : 0344-4499420

ہیزل نہ چاہتے ہوئے بھی اندر چلی گئ۔۔۔

اسنے اس ڈریس کی جانب دیکھا آج سے پہلے ایسا ڈریس اپ وہ نہیں ہوئ تھی۔۔اسنے۔۔زرا منہ بسور کر وہ ڈریس وئیر کر لیا۔۔

جبکہ باہر جاتے ہوئے اسے شرمندگی ہو رہی تھی۔۔۔

مگر ہمت کرتی وہ باہر۔۔آ گئ۔۔

جیکوب نے اسکی جانب دیکھ کر سیٹی بجائ

ایکسیلینٹ "وہ آنکھ بھی ساتھ دبا گیا جس سے ہیزل تو سرخ پڑ گئ جبکہ سیلز گرل ہنس پڑی۔۔

از شی پریٹی "وہ اس سے پوچھنے لگا

" یس سر

شی ازمائے گرل فرینڈز "وہ ہیزل کے شانے پر ہاتھ رکھ گیا ہیزل کو سمجھ نہیں آ رہی تھی آخر کرے کیا

وہ تو جیسے پھنس گئ تھی اور لاشعوری طور پر اسے جیمز کا خوف الگ آ رہا تھا۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

وہ وہاں سے کپڑے لے کر جیکوب کی ضد پر۔۔۔انھیں کپڑے میں۔۔۔ آ گئ دونوں نے ساتھ

ڈنر کیا وہ تو بہت بولتا تھا۔۔۔

جیکوب کی باتوں پر اب وہ ہنسنے لگی تھی

اچانک جیکوب بچپن کی باتیں دھرانے لگا۔۔

جبکہ۔۔۔ہیزل نے منہ بسور لیا اس دن فلور دینے پر آپ لوگوں نے میری انسلٹ کی تھی

وہ بولی تو جیکوب ہنس پڑا۔۔۔۔

"مجھے کیا پتہ تھا تم اتنی خوبصورت ہو جاؤ گی

جیکوب کی بات پر پھر سے اسکے کلر میں چیریز سی گھل گئی۔۔۔۔

وہ جیوکب کی جانب دیکھنے لگی

یہ اتنی بڑی بڑی آنکھیں اصل ہیں" وہ اسکی آنکھوں کو غور سے دیکھتا بولا

ہیزل ہنس پڑی۔۔ مگر اچانک اسکی ہنسی وہیں رک گئ

بلنک ہو رہا تھا J اسکے سیل فون پر

WhatsApp : 0344-4499420

--

اسنے سٹپٹا کر جیکوب کی جناب دیکھا جس کا دھیان ادھر ادھر ہو گیا تھا وہ پانی کا گلاس منہ سے :

لگائے ارد گرد موجود لوگوں کو دیکھنے لگا۔۔۔

ہیزل یہ فون اسطرح نہیں اٹھا سکتی تھی ایک تو انکا ریلیشن بہت سیکریٹ تھا۔۔اور دوسرا کہ وہ جیکوب کے سامنے جیمز سے کیسے بات کرتی اور جیمز کا اسکا فون آیا ہی کیوں تھا کئی سوال اسکے دماغ میں آرہے تھے۔۔

اسنے سیل فون کو آف کر دیا

کیا ہوا اٹھایا نہیں تم نے کس کی کال تھی "جیکوب نے اب اسپر توجہ دی

ر۔۔رونگ نمبر تھا" وہ بولی تو جیکوب نے سر ہلایا۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

اور دوبارہ شروع ہو گیا۔۔۔

مجھے لگتا ہے مما تمھیں مس کرتی ہیں۔۔۔"جیکوب نے فوک سے رائیس منہ میں ڈالے

کیا واقعی "ہیزل کھانا چھوڑ کر حیرانگی سے اسکو دیکھنے لگی

ہاں واقعی اس میں حیران ہونے والی بات نہیں۔۔۔"جیکوب ہنسا۔۔۔

آپ نے کہا تھا آپ مجھے ملوائیں گے "اسے جیسے اسکی بات یاد آئی۔۔۔

ہمم فلحال تو لڑکی خطرہ بہت ہے کیونکہ جیک بھی یہیں ہے اور جیمز ترکی گیا ہوا ہے۔۔۔اگر جیمز یہاں ہوتا تو جیک۔۔ منشن سے باہر بھی جاتا اس کچھ دیر میں میں تمھیں ملا دیتا۔کل جیمز آئے گا اسکے بعد دیکھتے ہیں اوکے "وہ نرمی سے بولا تو ہیزل نے سر ہلایا۔۔۔

جیکوب نے مسکرا کر اسکی جانب دیکھا مگر جلد نگاہ پھیر لی۔۔

وہ زیادہ توجہ دیتا تو شاید خود بھی ہار بیٹھتا۔۔۔۔

ہیزل وقت کے ساتھ ساتھ کھلتی جا رہی تھی

۔۔جبکہ جیکوب تو پہلے ہی ٹیپ ریکارڈر تھا۔۔۔وہ باتیں کرتے رہے اور لیٹ نائیٹ ڈنر بھی جاری رہا۔۔۔جیکوب اسے۔۔اپنی گرل فرینڈز کے بارے میں بتا رہا تھا۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

ہیزل البتہ کبھی حیران ہو کر سنتی تو کبھی۔۔۔۔ہنسنے لگتی تو کبھی اسکی باتوں سے شرمندہ ہو جاتی

کیسی کیسی حرکتیں بنا کسی شرم ولحاظ کے بتا رہا تھا۔۔۔

جیکوب اور وہ دونوں ڈنر کے بعد ہوٹل سے نکلے اور گاڑی تک پہنچے۔۔۔

پرل کو شدید سردی لگی۔۔وہ گاڑی میں ہاتھ رگڑتی بیٹھ گئ۔۔

جیکوب نے ایک نگاہ اسکی جانب دیکھا وہ بنا کسی میکپ کے بھی بلا کی اٹریکشن رکھتی تھی مگر کیسے

۔۔اسنے پھر سے اپنی نگاہ پھیری۔۔۔اور۔۔۔گاڑی جو اوپر سے اوپن تھی اسے ڈھک دیا۔۔۔

ہیزل نے تشکر بھری نظروں سے اسکی جانب دیکھا

اور قدرے ریلکس ہو کر بیٹھی۔۔۔۔۔

تو ایک بار میری گرل فرینڈز بھی ایسے سردی سے ٹھٹھر رہی تھی اور مجھے ہوٹل جانا تھا کیونکہ

جیمز میں بھی کچھ ڈیڈ والی حرکتیں ہیں بلاوجہ کی اکڑ اور۔۔۔۔سخت اصول۔۔۔۔

تو منشن میں اپنی گرل فرینڈز کو لے کر جانا مطلب سمجھ سکتی ہو کسی مسلے سے کم نہیں تھا۔۔تبھی

میں ہوٹل جانا چاہتا تھا وہ تو سردی سے کانپنے لگی

WhatsApp : 0344-4499420

لیکن یو نو واٹ ہیزل تم پہلی لڑکی ہو جس کے لیے جیکوب نے اپنی جیکٹ اتاری ہے۔۔۔اور ۔۔۔جس کے لیے اپنی گاڑی کو بند کیا ہے" وہ بولا۔۔تو زرا اسکی جانب خصوصی توجہ دی جس سے ہیزل کی پلکیں عارضوں پر جھک آئیں۔۔۔۔

اچھا اور میرے لیے یہ خصوصی ٹریٹمنٹ کیوں" ہیزل نے زرا ہنسی دبائی

بھئی پہلی لڑکی صرف میری دوست بنی ہے نہ" وہ۔۔۔بولا۔۔۔اور۔۔۔عادت کے مطابق ۔۔۔۔آنکھ کو مخصوص حرکت دی

۔تو ہیزل مسکراہٹ چھپا گئی

یہ بھی ٹھیک ہے تو اس سے پہلے آپکی کوئی دوست نہیں تھی

اسنے متجسس ہوتے سوال کیا

نہیں کسی لڑکی کو کبھی دوست نہیں بنایا تم جانتی ہو یو سٹنڈرڈ زرا۔۔۔۔" وہ بولا تو دونوں ہنس پڑے۔۔۔

اب گھر چلے" کچھ توقف کے بعد ہیزل بولی۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

لو میں گھر تب جاؤں گا جب جیمز آئے گا تو جان جائے گا اور چپکی بیٹھی رہو۔۔۔جیک کچا چبا لے گا اگر اسے پتہ چلا کہ جیکوب صاحب ہیزل بی بی کے پاس ہیں" وہ ہلکا سا اپنا

البتہ ہیزل کی ہنسی رک گئ۔۔۔

وہ سر جھکا گئ

جیکوب نے ڈرائیو کرتے ہوئے نوٹ کیا وہ اسے لو بار لے کر جا رہا تھا۔۔۔۔

کیا ہوا خاموش کیوں ہو گئیں" اسنے پوچھا تو ہیزل نے سر اٹھایا تو اسکی آنکھوں میں معمولی سی نمی تھی

جیک سر مجھ سے بہت نفرت کرتے ہیں کیا" وہ سوال کرنے لگی۔۔

جیکوب کچھ نہیں بولا سامنے دیکھتا رہا ڈرائیو کرتا رہا۔۔۔۔

جبکہ ہیزل نے اسکی یہ اگنورنس دیکھی تو اپنے آنسو خود ہی صاف کر لیے کہ وہ۔۔کیسے۔۔اس سے اس قسم کی بات کر سکتی ہے جیک انکا باپ تھا اور وہ اسکے متعلق کوئ بھی برائ کیوں سنتے

جیمز مینیج کر لے گا۔۔۔تم فکر نہ کرو" وہ بس اتنا ہی بولا۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

ایک سوال کروں "ہیزل اب زرا چونک رہی تھی بار بار اس طرح اسکے کہنے پر تبھی سوال کر بیٹھی

ہاں بلکل کرو" اسنے لوبار کے سامنے گاڑی روکی۔۔۔

اور ہیزل کو اترنے کا اشارہ کیا وہ باہر نکلی یہاں کافی رش تھا۔۔۔

گارڈ نے جیکوب کی جانب دیکھا تو بنا کچھ کہے سب سے پہلے اسے جگہ دی۔۔

جیکوب ہیزل کے ساتھ اندر داخل ہوا تو وہ جگہ۔۔ دیکھ کر ہیزل ایک پل کے لیے حیران رہ گئ

۔۔۔۔

ایک بار وہ بچپن میں پرل کے ساتھ آئ تھی۔۔۔۔

تب یہ جگہ کچھ اور تھی مگر اب تو۔۔۔بے حد خوبصورت ہو گئ تھی مگر ایک پروبلم تھی یہاں بہت شور اور ہنگامہ تھا اتنا شور کے کان پڑے آواز سنائی نہ دے

۔اور لوگ ایسے اپنی مستی میں مگن تھے کہ یہ رات جیسے کبھی ختم نہیں ہو گی۔۔۔

مختلف قسم کی ڈرنکس اور۔۔۔اچھل کود کے سوا کچھ نہیں تھا جسے لوگ ریلکسیشن سمجھتے تھے اسے بے زاری ہوئ ہاں اگر یہاں شور نہ ہوتا تو ضرور یہ جگہ۔۔۔کافی خوبصورت تھی۔

WhatsApp : 0344-4499420

تم یہاں پہلے کبھی آئی ہو "جیکوب نے پوچھا۔۔۔

تو اسنے بمشکل اسکی آواز سنی

ہاں ایک بار میم کے ساتھ آئی تھی "وہ اسے ایک کیبن میں لے جا رہا تھا۔۔۔

ہیزل پیچھے سے بولی۔۔۔

تم تو میڈیم کے ساتھ کافی کلوز ہو اور ہمیں لگتا تھا ہمارے ڈرانے دھمکانے سے۔۔ایکطرف ہو جاتی ہو "وہ اسکی اجنبی دیکھتا بولا تو ہیزل شرمندہ ہو گئ

ٹیک اٹ ایزی گرل "وہ اسکو کمفرٹیبل کرتا بولا۔۔۔

تو۔۔۔جیکوب کے کمفرٹیبل کرنے کے طریقے پر وہ ایکدم اچھلی اور اس سے فاصلہ بنالیا۔۔۔

اور جیمز کے رولز آنکھوں کے سامنے آگئے مگر پھر تسلی ہوئی کہ وہ یہاں نہیں تھا۔۔۔

جیکوب مسکرایا۔۔۔اور بیٹھ گیا۔۔۔

کافی خوبصورت ہے یہ جگہ مگر شور بہت ہے "وہ بولی۔۔جبکہ منہ بھی بنالیا

WhatsApp : 0344-4499420

کیونکہ ہیزل۔۔۔چاکلیٹ وینیلا آئسکریم۔۔ہے بار ہے کلب ہے۔۔۔۔"وہ آگے کو جھک کر ٹیبل پر ہاتھ رکھتا بولا۔۔۔۔

جبکہ گھیری نظریں ہیزل پر بھی تھیں۔۔۔۔

ہیزل نے منہ موڑ لیا۔۔۔۔

جبکہ اسے ان آنکھوں پر ہنسی بھی آئی۔۔۔۔

ہاں تو تم نے گاڑی میں مجھ سے سوال کیا تھا" اسنے ریفریشمنٹ کی لیے کچھ سامان منگایا تھا۔۔۔۔

سامان ویٹر نے انکے سامنے رکھا تو۔۔۔

جیکوب نے تو اپنی شوق اور شوق کا سامان اٹھا کر گلاس لبوں سے لگا لیا۔۔۔۔

جبکہ ہیزل کے لیے اورینج جوس تھا ہیزل اس گلاس کو دیکھتی ہچکچاتی ہوئی۔۔جیکوب کو دیکھنے لگی

ٹیک اٹ ایزی تم مجھ سے کوئی بھی سوال کر لو۔۔۔سوچو اگر میں تمھیں مافیا گرل بنا دوں" وہ قہقہہ لگا کر ہنسا

ہیزل بھی پھیکا سا ہنس پڑی

WhatsApp : 0344-4499420

"نو مجھے مافیا پسند نہیں

کیا واقعی" وہ حیران ہوتا اسکی صورت تکنے لگا آنکھوں میں حیرانگی در آئی۔۔۔

ہیزل اب کنفیوز ہونے لگی یہ کیا بول دیا تھا اسنے۔۔۔۔

وہ لوگ تو خود مافیا تھے

مگر پسند نہ پسند تو اسکی اپنی تھی نہ۔۔۔ اسنے سر کو ہلا دیا

آہ یہ تو کافی برا ہوا۔۔ "جیکوب کو جیسے یہ بات پسند نہیں آئی

کیا برائی ہے مافیا میں" وہ پوچھنے لگا۔۔۔ کیونکہ ناگوار گزری تھی طبعیت پر یہ بات آج تک کسی لڑکی نے یہ بات نہیں کہی تھی جتنی سے بھی اسکا واسطہ پڑا تھا مگر یہ بھی حقیقت تھی اسنے کسی لڑکی کو سنانے بیٹھا کر یوں باتیں بھی نہیں کیں تھی۔۔۔

" بس۔۔ مجھے نہیں پسند

تو تمھارے لیے نیورک چھوڑ دیں اب ہم "جیکوب نے اسے گھورا

مگر میں نے آپ لوگوں کو تو کچھ نہیں کہا" ہیزل بولی۔۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

تو تم مافیاز کو پسند کرنے لگ جاؤ کیونکہ جن کی قسمت مافیا میں پھٹتی ہے انھیں چاہیے۔۔۔ کہ مافیاز کو پسند کریں وہ بھی جیکوب روبو جیسا خوبصورت مافیا" وہ آنکھ کو مخصوص حرکت دیتا بولا تو ہیزل نے منہ پر ہاتھ رکھ لیا۔۔۔

اچھا" وہ مسکراتی ہوئی بس اتنا ہی بولی

" کوشش کرو تمھیں اچھے لگیں

اسنے کہا۔۔۔

آئی تھینک یہ کوشش بے کار ہے۔۔۔" ہیزل نے شانے اچکاے

جیکوب کچھ دیر اسکی جانب دیکھتا رہا

ہیزل کی بات پھر وہیں رہ گئ

۔۔۔

وہ اسکیطرف دیکھتا۔۔ اپنا مشروب پی رہا تھا جبکہ ہیزل ارد گرد دیکھتی۔۔ جو س

آؤ سیلفی لیتے ہیں" جیکوب نے کہا۔۔ اور سیل فون نکال کر کمرہ سامنے کیا اور۔۔ مسکرایا پیچھے سے ہیزل بھی مسکرائی اور اس رات کو جیکوب نے اپنے موبائل میں قید کر لیا۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

مجھے لگتا ہے یہ میری زندگی کا بیسٹ اینڈ پرفیکٹ ٹائم ہے معلوم نہیں تمھارے ساتھ بیٹھنے میں ہی ایسا کیا ہے جو۔۔۔کسی اور شے کی طلب ہی نہیں ہو رہی" اسنے کہا تو ہیزل کنفیوز سی ہو گئ

جیکوب مسکرایا۔۔۔

چلو چلتے ہیں" وہ بولا اور اٹھا آج تو یہ سامان شوق بھی پینے کا دل نہیں تھا اسنے۔۔۔۔

ہیزل کا ہاتھ پکڑا۔۔۔۔تو ہیزل نے اسکی جانب دیکھا۔۔۔سہولت سے اسکی قید سے ہاتھ نکال کر وہ۔۔۔جیکوب سے پہلے باہر نکل گئ

جیکوب ہلکا سا مسکرایا۔۔۔۔

آپکا سیل فون بج رہا ہے" گاڑی ڈرائیو وہ کر رہا تھا جبکہ موبائل نہیں پک کر رہا تھا۔۔ڈھیٹوں کیطرح۔۔ تبھی وہ بولی

ڈیڈ کا ہو گا نہ" جیکوب نے کہا۔۔

آہ" پھر اب" وہ ڈر گئ

" اب کیا میں تو نہیں اٹھا رہا

اسنے کہا اور گاڑی ہیزل کے گھر کی جانب لے لی۔۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

ہیزل نے نفی میں سر ہلایا۔۔۔

کچھ دیر گاڑی میں خاموشی رہی اور تھوڑی دیر بعد وہ پھر شروع ہو گیا

کچھ کھاؤ گی" اسنے ایک بار پھر پوچھا

ایسا کیسے۔۔۔۔میں بہت کچھ کھا چکی ہوں" اسنے۔۔۔ معصومیت سے اسکی جانب دیکھا

جیکوب نے اسکی معصوم نظروں کی قید سے خود کو بمشکل رہیا کیا اور گاڑی گھر کے آگے روکی لی

"

ہیزل گاڑی سے اترنے لگی

رکو بھئی۔۔ابھی ہماری ڈیٹ ختم ہونے میں آدھا گھنٹہ ہے" اسنے ٹائم دیکھا دن نکلنے میں ابھی

وقت تھا

ہیزل ہنس پڑی

مجھے پڑھنا ہے" اسنے بتایا

اس دور میں کون پڑھتا ہے" جیکوب نے سر جھٹکا اور سٹیرنگ پر سر رکھے اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

ہیزل اپنے ناخنوں سے کھیلتی رہی جبکہ جیکوب کی نگاہیں اسی پر تھیں۔۔۔

اچھا جاؤ" وہ خود ہی زرا گھبرا سا گیا۔۔۔

جاؤں" وہ جیسے کنفرم کرنے لگی

ہاں بھی جاؤ پیار کرا ہر چھوڑو گی کیا" وہ ہنس پڑا ہیزل جلدی سے نکل گئ۔۔۔۔

جو میں میں آتا تھا کچھ بھی بول دیتا تھا وہ تو

--

گڈ بائے۔۔ آپکی جیکٹ" اسنے جیکٹ دی

تم رکھ لو۔۔ تم پر سوٹ کر رہی ہے" وہ مسکرایا۔۔

تو ہیزل نے کوئ ضد نہیں کی۔۔ اور اسے بائے کہتی اندر چلی گئ

جبکہ جیکوب نے گاڑی موڑ

اس ملاقات سے طبعیت پر خوشگوار اثر پڑا تھا

WhatsApp : 0344-4499420

-

وہ نہیں جانتا تھا اسکا خون کیوں ابل رہا ہے۔۔۔۔

لیکن شاید وہ حق پر تھا بنتا تھا اسکا ایسا رویہ۔۔ اسنے یہ سب کچھ ابھی جو دیکھا تھا۔۔ اسپر وہ۔۔ اپنے آپکو روک نہیں پا رہا تھا۔۔۔

اسکے گارڈز جو کے ہیزل کو پروٹیکٹ کر رہے تھے وہ بھی صرف اس لیے کیونکہ ہیزل جیک کی نظروں میں نہ آئے باقی اس لڑکی سے اسے شاید کوئی غرض نہیں تھی۔۔

اس گارڈ نے اسے ساری انفورمیشن دی کہ ہیزل پوری رات جیکوب کے ساتھ تھی جبکہ جیمز نہیں جانتا تھا اسکے پیچھے اسنے گارڈ کو کیوں لگا دیا جہاں جہاں جیکوب اور ہیزل گئے وہاں وہاں کی تمام تصاویر اسکے سیل پر تھیں اسکے اسنے کی اسکے منہ بنانے کی لپ کرنے کی یہاں تک کے اسکی آنکھیں بھیگنے کی بھی جیمز

۔۔نے جب معملہ برداشت سے باہر سمجھا تو ہوبے ساختہ اسکو کال کر گیا۔۔ جبکہ اسکے پاس تب کی ویڈیو تھی۔۔ کہ کیسے ہیزل نے اسکی کال کو اگنور کیا تھا۔۔۔۔

مجھے لگا تم عام لڑکیوں جیسی نہیں ہو۔"جیمز نے مٹھیاں بھینچ لیں۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

جبکہ لبوں میں سیگریٹ دبا کر وہ۔۔۔

دھواں فضا میں بکھیرتا بے کل سا ہو رہا تھا وجہ وہ جانتا نہیں تھا یا شاید ہیزل سے شادی کرنے کے بعد۔۔وہ اپنے اگریمینٹ سے رفتہ رفتہ ہٹتا ہوا خود کو محسوس کر رہا تھا۔۔

اسکے سامنے زبان بھی نہیں کھلتی تھی جبکہ جیکوب سے کیسے خوش اخلاقی سے باتیں کی جا رہیں تھیں۔۔۔

وہ چند دیر اسکے بارے میں سوچتا رہا اور پھر جیسے اسے احساس ہوا وہ جیمز روبو ہے۔۔۔

اس وقت کا مافیا۔۔۔

جسے لڑکیوں کی کمی نہیں۔۔۔

یہ صرف اس میں ایک کالیٹی تھی جس کی بنا پر اسنے اس سے شادی کی۔۔اور شاید وہ اپنا مقصد پورا کر کے اس میں سے انٹرسٹ کھو دے۔۔

اسنے خود کو تسلی دی اور ایل سی ڈی بند کر دی جس میں۔۔وہ پیکس چل رہیں تھیں

سر جھٹک کر سامنے پڑے گلاس میں موجود مشروب کو اسنے منہ سے لگا لیا

" مگر افسوس چاہ کر بھی اسکا دماغ ہیزل سے ہٹ نہیں رہا تھا شاید تم سخت سزا کی حقدار ہو

WhatsApp : 0344-4499420

وہ خود سے بڑبڑایا۔۔۔

مگر سزا کس بات کی

اس میں کوئی بولا۔۔

یہاں اگر یمینٹ میں شامل تھا وہ کسی اور کو ڈیٹ نہیں کر سکتی" وہ ایکدم جیسے خود پر بھڑکا۔۔۔

چاروطرف خاموشی چھا گئی۔۔

میرے رولز توڑنے والا زندہ نہیں بچتا۔۔

اور یہ لڑکی بھی زندہ نہیں بچے گی

گلاس کو غصے سے پھینکتا وہ اٹھ گیا اور۔۔اس جان لیوا سردی میں۔۔۔اوہ روم کی ٹیرس میں آ گیا

یہاں سے۔۔استنبول کا منظر ہی الگ دیکھائی دے رہا تھا

روشنیاں رنگینیاں۔۔

اچانک جیسے کھڑے کھڑے اسکا دل کیا استنبول پر راج کرے وہ۔۔۔اسنے۔۔۔کارٹر کو فون

گھمایا۔۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

ہاں بولو" وہ بھی جاگ رہا تھا۔۔

یہ استنبول کی مافیا۔۔۔کے بارے میں جانتے ہو" جیمز نے۔۔۔دوبارہ سیگریٹ سلگالی۔۔۔

ام م م میں نے ایک بار سنا تھا کافی سٹرانگ مافیا ہے۔۔۔۔جیسے تم" وہ ہنسا۔۔۔۔

" مجھے استنبول پسند آگیا ہے

جیمز نے شانے آچکائے

جیمز پلیز یار کوئی نیا۔۔۔۔پھڈا نہ پیدا کرو" کارٹر عجاز آیا۔۔۔

وہ تو اپنے باپ سے بھی آگے نکل رہا تھا۔۔۔۔

"کیا کر سکتے ہیں۔۔

جیک سر مانیں گے "کارٹر یہ تو جانتا تھا وہ فیصلہ بس ایک بار کرتا ہے۔۔

ان سے پوچھے گا کون" جیمز کی لاپرواہی عروج پر تھی۔۔۔

تم واقعی کرنا چاہتے وہ پہلے تم نے وہ لڑکی ہیزل سے شادی کر لی اب اسے بول جبکہ۔۔۔ہم بلیک

" کو وائٹ کرنے کے چکر میں ہیں

WhatsApp : 0344-4499420

یہ جیکوب کا پلین ہے میں کسی سے نہیں ڈرتا میرا پیسہ بلیک ہے تو بلیک ہے اور مجھے استنبول پسند آ گیا ہے یہ۔۔خوبصورت ہے۔۔جیسے۔۔۔پوری ترکی کا دل۔۔۔۔"وہ مسکرایا۔۔۔

جیمز۔۔۔"کارٹر جیسے تھکا تھکا بولا۔۔۔۔

میں جانتا ہوں تم۔۔ڈرنک کر رہے ہو تو۔۔۔بکواس ساتھ کرنا ضروری ہے"جیمز چیڑ گیا

یار تم اپنی نئی گرل فرینڈز نئی نہیں بلکے واحد اکلوتی جس سے تم شادی کر چکے ہو اس سے بات کرو"

کارٹر نے کہا

کارٹر مجھے ڈیٹیلز چاہیے۔۔۔استنبول اور استنبول کی مافیا کے متعلق۔۔۔

اوکے'جیمز نے سنجیدگی سے کہا

تو کارٹر بھی سنجیدہ ہو گیا

اوکے"اسنے کہا اور جیمز نے کال آف کر دی۔۔۔

وہ دھواں کو فضا میں بکھیرتے ادھر ادھر دیکھتا رہا۔۔۔

سردی کا احساس اسے ہمیشہ سے کم ہی ہوتا تھا۔۔حالانکہ ہاتھ برف کیطرف طرح مگر وہ۔۔

سیگریٹ مکمل کر کے اندر آیا

WhatsApp : 0344-4499420

آج کا دن اسکے باقی دنوں سے مختلف تھا۔۔۔ مگر ایک اہم جو آج کے دن ہوا اور اب تک اسے پریشان کر رہا تھا وہ تھا۔ جیمز کی کال کا آنا اور اسکا گنور کرنا۔۔۔

وہ اب بھی پریشان بیٹھی تھی اسنے کئی بار سوچا کال کرے مگر ہمت نہیں ہو سکی۔۔۔ کل اسکا یونیورسٹی میں پہلا دن تھا اسکا خواب صرف جیمز کی وجہ سے پورا ہوا تھا۔۔ وہ اسکی مشکور تھی مگر اسکی خواہش۔۔ وہ ایکدم کانپ سی اٹھی خود کو اسکے ساتھ سوچنا بھی آسان نہیں تھا کہ ایکدم یہ وقت آتا۔۔۔ اسنے جلدی سے دماغ جھٹکا

آج ابھی اسی وقت تو ایسا کچھ نہیں ہو گا تبھی اسنے گھیرہ سانس بھرا اور لیٹ گئی

جیکوب اچھا انسان تھا اسکے ساتھ اسکا اچھا وقت گزرتھا

لیکن فلحال وہ کل صبح کے لیے ایکسائیٹڈ تھی۔۔

آنے والی کل اسکے خوابوں کی شروعات تھی

WhatsApp : 0344-4499420

وہ اپنے پرائیویٹ جٹ سے اترا تو بلیک لونگ کوٹ بلیک گاگلز اور اپنی بے پناہ وجاہت سے بے نیاز لمبے قدم بھرتا وہ گاڑی تک پہنچا تھا۔۔۔

" سر منشن چلنا ہے یہ پھر کہیں اور

نہیں فلحال آفس کے چلو" گارڈ کو جواب دے کر اسنے اپنا سیل فون چیک کیا۔۔

اور دوسری سیٹ پر رکھ کر وہ باہر دیکھنے لگا۔۔انکی گاڑی۔۔۔پانی کیطرح نیورک کی سڑکوں پر سے گزر رہی تھی۔۔

سردی کا احساس گاڑی میں بیٹھنے کے بعد کم پڑ گیا تھا۔۔

کچھ دیر میں وہ آفس پہنچ گیا۔۔۔اسے کارٹر نے استنبول کے مافیا کا ریکارڈ پرائیویٹ دیا تھا تبھی وہ اس ریکارڈ کو کسی کے ہاتھ نہیں لگنے دینا چاہتا تھا

وہ اس فائلز کو دیکھتا رہا۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

استنبول کے مافیا جو استنبول سمیت پورے ترکی پر راج کر رہا تھا وہ ڈینیز تھا۔۔۔جو کہ بلکل اسکی عمر کا تھا اسنے اپنے باپ کو خود مارا تھا تا کہ وہ اس تخت کو سنبھال سکے۔۔وہ غور سے اسکی فائلز پڑھنے لگا وہ ایک بے رحمی قسم کا انسان تھا۔۔۔

جو کہ سمگلینگ کرتا تھا لڑکیوں کی۔۔۔

اسے نہ جانے کیوں سب سے زیادہ اسی بات سے چیڑ تھی۔۔۔

جب مافیا لڑکیوں کی سمگلینگ کرتے تھے اور یہ سب سے اہم تھی۔۔

مگر وہ اس کام کو کیے بنا۔۔ بھی مافیا کی دنیا میں بہت مشہور تھا۔۔۔

اسنے وہ فائلز بند کر دی۔

ڈینیز"لبوں میں اسکا نام بڑبڑایا۔۔۔

کچھ دیر اسے وہاں لگی تھیں اور اسکے بعد وہ وہاں سے اٹھ گیا اسنے اس موضوع میں کارٹر کو بھی انولو ہونے سے روک دیا تھا۔۔۔

وہ باہر نکلا۔۔۔تو کارٹر۔نے بھی اسے۔۔دیکھ لیا۔۔۔وہ بھی اسکے ساتھ ہوا

تم نے فائنل ریڈ کی "کارٹر نے پوچھا

WhatsApp : 0344-4499420

ہاں کرلی" وہ بے تاثر لہجے میں بولا اور۔۔۔ پھر سے گاگلز لگا کر باہر نکل گیا۔۔۔۔

اسے اب تھکاوٹ ہو رہی تھی تبھی اسنے۔۔۔ منشن جانے کا سوچا۔۔۔۔

"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ منشن میں پہنچا تو صبح کا وقت تھا تبھی سب اپنے پانے کمروں میں تھے وہ بھی سیدھا اپنے روم :

میں چلا گیا در حقیقت اسکا پورشن منشن سے زرا الگ تھا۔۔۔

ایک پورے پورشن کیطرح اسکے رومز بھی اتنے بڑے تھے۔۔ کہ ہیزل کا تو جیسے پورا گھر اسکا بس

ایک کمرہ بن جاتا۔۔۔

وہ اپنے روم میں آیا دروازہ بند کیا اور۔۔۔ فریش ہونے چلا گیا۔۔۔

وہ جانتا تھا اسکے اٹھنے سے پہلے ہی اس ڈیل کی خبر جیک اور جیکوب تک پہنچ جائے گی اور وہ بچہ

نہیں تھا۔۔۔ وہ یہ سب خود سنبھالنے کی اور خود سب کچھ کرنے کی اہلیت رکھتا تھا۔۔۔

وہ فریش ہو کر نائٹ گاؤں میں آیا اور۔۔۔ بستر پر لیٹ گیا۔۔۔۔

آج اسکے پاس کوئی دوسرا کام نہیں تھا سوائے ایک کام کے۔۔۔۔

جس پر اسکی اچانک ہی بستر پر لیٹتے توجہ گئی۔۔۔۔

WhatsApp : 0344-4499420

اسنے آنکھیں بند کرنے سے پہلے آج ایک بار پھر ایک گھبرائے ڈرے سہمے پریشان سے عکس کی گردن دبادی۔۔اور وہ توقع کے مطابق فٹ سے اسکے دبوچتے ہی غائب ہو گیا

کب تک "وہ بڑبڑایا۔۔۔

اور کروٹ لے کر سونے کی کوشش کرنے لگا

